Australian Government

Australian Taxation Office




# آسٹریلیا میں ٹیکس:
# آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

**ato.gov.au**


اگر آپ آسٹریلیا میں نئے ہیں یا انگریزی آپ کی مادری زبان نہیں ہے تو آسٹریلیا میں ٹیکس کے حوالےسے اگر آپ کے ذہن میں سوالات ہوں گے تو اس جائزے کے ذریعے آپ کو جوابات حاصل کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔


## ہم ٹیکس کیوں ادا کرتے ہیں

آسٹریلیا کے شہری کے طور پر ہم ایک اچھے صحت کے نظام، معیاری تعلیم اور کئی طرح کی کمیونٹی کی سہولیات تک رسائی حاصل کرتے ہیں (مثلاً پارکس اور کھیل کے میدان وغیرہ) جن کے اخراجات ٹیکس جمع کرکے پورے کئے جاتے ہیں۔

آسٹریلیا کی حکومت کی جانب سے مندرجہ ذیل خدمات کی فراہمی کے لیے آسٹریلین ٹیکسشن آفس (ATO) کی جانب سے یہ ٹیکس جمع کیا جاتاہے:

- صحت کی دیکھ بھال
- تعلیم
- دفاع
- روڈ اور ریلوے
- بہبود، آفات میں مدد اور پینشن کی ادائیگیاں۔






# آپ کے کا م شروع کرنے سے قبل

### آسٹریلیا میں کام کرنے کی اجازت

اگر آپ غیرملکی ہیں تو آسٹریلیا میں کام شروع کرنے سے قبل آپ کو Department of Home Affairs سے اجازت حاصل کرنا ضروری ہے۔ Home Affairs کی جانب سے آپ کو سودمند معلومات فراہم کی جاسکتی ہے، بشمول وہ ویزے جو آسٹریلیا میں کا م کرنے کے لیے درکار ہیں۔

آسٹریلیا میں کام کرنے کی اجازت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، وزٹ کریں **homeaffairs.gov.au**




## ایک tax file number (ٹیکس فائل نمبر) حاصل کریں

آپ کا tax file number (TFN) (ٹیکس فائل نمبر) ایک TFN کا حصول بالکل **مفت** ہے۔

کام شروع کرنے سے قبل، یا کام شروع کرنے کے فوری بعد آپ کو TFN حاصل کرلینا چاہیئے، بصورتِ دیگر آپ کو زیادہ ٹیکس ادا کرنا پڑے گا۔ شناخت اور ریکارڈ رکھنے کے مقصد سے ہم TFN افراد، کاروباروں اور دیگر اداروں کو جاری کرتے ہیں۔

آپ TFN کس طرح حاصل کریں گے، اس کا انحصار آپ کی صورتحال پر ہے۔ مزید معلومات کے لیے، وزٹ کریں **ato.gov.au/tfn**

درخواست کو مکمل کرتے ہوئے، آپ کو ایسے دستاویزات کی ضرورت ہوگی جن سے آپ کی شناخت ثابت ہوتی ہو۔

آپ کی TFN درخواست پر عملدرآمد کرنے اور آپ کے پتہ پر TFN کو بھیجنے میں 28 دن تک کا وقت لگ سکتا ہے۔

جب آپ کو TFN وصول ہوجائے تو، یہ بہت اہم ہے کہ آپ اس کو محفوظ رکھیں اور دوسروں کو استعمال مت کرنے دیں۔ اپنی ذاتی تفصیلات کو محفوظ رکھنے کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں **ato.gov.au/identitycrime**




## (ABN) Australian business number (آسٹریلین بزنس نمبر) کاروبار کےلیے ہوتا ہے

آسٹریلیا میں کام کرنے کے لیے سب لوگوں کو نہ تو آسٹریلین بزنس نمبر (ABN) کے حصول کا حق ہوتا ہے اور نہ ہی ضرورت ہوتی ہے۔ ABN کے ہونے کا مطلب ہے کہ آپ:

- اپنا ذاتی کاروبار چلا رہے ہیں
- ہو سکتا ہے کہ آپ کو ہمیں اپنا ذاتی ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہو
- ہوسکتا ہے کہ آپ کو اپنا ذاتی سپر بھی ادا کرنا پڑے
- اگر آپ زخمی ہیں تو ممکن ہے کہ آپ کا بیمہ نہ ہوا ہو۔

ایک ABN کی درخواست کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں **abr.gov.au**

# جب آپ کام کا آغاز کریں



## ایک tax file number بیان کو مکمل کریں

جب آپ کام کرنا شروع کریں گے تو آپ کا آجر آپ سے *Tax file number declaration* (ٹیکس فائل نمبر بیان) پُر کرنے کا کہے گا ان کو اپنا TFN اور ذاتی معلومات فراہم کریں۔

وہ اس بیان کو استعمال کرتے ہوئے یہ تخمینہ لگاتے ہیں کہ آپ کو کتنا ٹیکس ادا کرنا پڑے گا۔ آپ کو بیان مکمل کرکے اور اپنے آجر کو دینے کے لیے 28 دن کا وقت ہوتا ہے۔ اگر آپ ایسا نہیں کریں گے، تو ان کو لازمی طور پر آپ کی تنخواہ میں سے بلند ترین شرح پر ٹیکس کاٹنا ہوگا۔

ٹیکس فری تھریش ہولڈ کا دعویٰ کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں
**ato.gov.au/taxfreethreshold**

اگر آپ ٹیکس کی ادائیگی کے مقصد سے آسٹریلیا کے رہائشی ہیں توجس وقت آپ اپنا بیان مکمل کریں تو اس وقت آپ ٹیکس فری تھریش ہولڈ کا بھی دعویٰ کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر آپ کی سالانہ آمدنی $18,200 ڈالر ہے تو اس پرٹیکس عائد نہیں ہوتا۔

عموماً آپ ٹیکس فری تھریش ہولڈ کا دعویٰ صرف ایک ہی آجر کی جانب سے کرسکتے ہیں۔ اگر آپ کے ایک سے زیادہ آجر ہیں تو آپ ٹیکس فری تھریش ہولڈ کا دعویٰ صرف اس آجر کی جانب سے کریں جو آپ کو سب سے زیادہ تنخواہ یا اجرت ادا کرتا ہو۔

tax file number بیانات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں
**ato.gov.au/TFNdec**

## ٹیکس ادا کرنا

جب آپ کا آجر آپ کو تنخواہ یا اجرت ادا کرتا ہے تو وہ اس میں سے ٹیکس کاٹ لیتا ہے اور ہم کو بھیج دیتا ہے۔ آپ کی پے سلپ میں دکھایا جائے گا کہ آپ نے کتنا ٹیکس ادا کیا ہے۔ مالی سال کے اختتام پر آپ کی انکم اسٹیٹمنٹ یا پھر تنخواہ کے خلاصے میں یہ دکھایا جائے گا کہ آپ کو اپنے آجر سے مجموعی طور پر کتنی آمدن ہوئی ہے اور انہوں نے اس میں سے کتنا ٹیکس کاٹا ہے۔ آپ کی انکم اسٹیٹمنٹ بذریعہ myGov ATO online services پر دستیاب ہے۔

آپ جتنی ٹیکس کی رقم ادا کریں گے اس کا انحصار ہے:

- آپ کے ٹیکس کی رہائش
- آپ کتنی آمدنی حاصل کرتے ہیں
- آیا آپ ایک سے زیادہ ملازمت کرتے ہیں
- اگر آپ کے پاس tax file number (TFN) ہے- تو یہ نمبر آپ کے ذاتی استعمال کے لیے ہے، جب آپ کہیں کام شروع کریں گے تو اپنے آجر کو یہ نمبر بتائیں گے۔




کچھ آجر بینک اکاؤنٹ کے بجائے نقد رقم کی صورت میں ادائیگی کو ترجیح دیتے ہیں۔ یہ طریقہ بھی درست، تاہم اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ:

- آپ کو جورقم ادا کرتے ہیں اس میں سے ٹیکس کاٹ لیں
- آپ کو پے سلپ بھی فراہم کریں جس میں یہ دکھایا گیا ہو کہ کتنا ٹیکس کاٹا گیا ہے
- آپ کی جانب سے سپر کنٹری بیوشنس ادا کریں (اگر آپ سپر کے مستحق ہیں)۔

اگر آپ نے TFN کے حصول سے پہلے ہی کام شروع کردیا ہے تو، آپ کو 28 دنوں میں اس کو حاصل کرکے اپنے آجر کو دینا ہوگا۔ اگر آپ ایسا نہیں کریں گے، تو آپ کا آجر لازمی طور پر آپ کی تنخواہ میں سے بلند ترین شرح پر ٹیکس کاٹے گا۔

ٹیکس کی شرح کے بارے میں مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں **ato.gov.au/taxrates**

## سپرانیوئیشن

سپرانیوئیشن (سپر) وہ رقم ہوتی ہے جو آپ کے کام کرنے کے عرصے کے دوران علیحدہ کرکے رکھ لی جاتی ہے اور آپ کو ریٹائرمنٹ پر فراہم کی جاتی ہے۔ ایک نئی ملازمت شروع کرتے ہوئے، یہ سمجھنا بہت ضروری ہے کہ سپر کس طرح کام کرتا ہے اور یہ بھی معلوم کریں کہ آپ کے حقوق اور استحقاق کیا ہیں۔

سپر رقم تنخواہ کے علاوہ ادا کی جاتی ہے۔ اگر آپ سپر کے اہل ہیں ،تو آپ کے آجر کو لازمی طور پر سپر فنڈ اکاؤنٹ میں سپر کنٹری بیوشن جمع کروانا ہوگا۔ بہت سے لوگ ان سپرفنڈز کا انتخاب کرسکتے ہیں جس میں ان کنٹری بیوشنز کی ادائیگی کی جاتی ہے۔

یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اپنے سپر کی باقاعدگی سے جانچ کرتے رہیں تا کہ اس بات کی یقین دہانی رہے کہ آپ کی سپر ادائیگیاں سپر اکاؤنٹ میں درست انداز میں جمع ہو رہی ہیں۔ اپنے سپر کی جانچ کرنے کے بارے میں مزید معلومات کےلیے وزٹ کریں **ato.gov.au/trackyoursuper**

سپر کے بارے میں مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں **ato.gov.au/tfnsuper**




# آپ کا ٹیکس ریٹرن

**ٹیکس رٹرن کس کو تیار کرنے کی ضرورت ہے؟**

انفرادی طور پر آپ کو ایک ٹیکس رٹرن لازمی طور پر جمع کروانا ہوگا اگر:

- ٹیکس سال (1 جولائی سے 30 جون تک) کے دوران آپ کی تنخواہ میں سے ٹیکس کاٹا جا چکا ہے
- آپ کی وہ آمدنی جس پر ٹیکس کا اطلاق ہوتا ہے (بشمول بعض آسٹریلیا کی حکومت کی ادائیگیاں) وہ رہائشیوں کے لیے ایک مخصوص حد سے زیادہ تھی
- آپ ایک غیر ملکی رہائشی ہیں اور آپ نے ٹیکس کے سال ( سوائے اس آمدنی کے جس میں رہائش نہ رکھنے والوں کے ودہولڈنگ ٹیکس کو روک لیا گیا تھا) کے دوران آسٹریلیا میں $1 یا اس سے زیادہ کمائے ہیں
- آپ آسٹریلیا کو مستقل یا پھر ایک سے زیادہ ٹیکس سال کے لیے چھوڑ رہے ہیں۔

ہم آپ کے ٹیکس ریٹرن، مثلاً آپ کی آمدنی اور آپ نے جو ٹیکس ادا کیا ہے کی معلومات کو استعمال کرتے ہوئے اس کا تخمینہ لگائیں گے کہ آیا آپ کو اضافی ٹیکس ادا کرنے کی ضرورت ہے یا پھر آپ کو پیسے واپس کئے جائیں گے (ٹیکس ری فنڈ)۔

مزید معلومات اور اس بات کا تخمینہ لگانے کے لیے کہ آیا آپ کو ٹیکس ریٹرن جمع کروانا چاہئیے وزٹ کریں **ato.gov.au/DoINeedToLodge**

**جمع کروانے کے لیے آپ کو درکار معلومات**

ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کے لیے، آپ کو جاننا ضروری ہے کہ:

- آپ نے کام کرکے (بشمول نقد ادائیگیاں)، بینک اکاؤنٹ سے حاصل ہونے والے سود یا پھر سرمایہ کاری سے کتنی آمدنی حاصل کی ہے
- آپ کی آمدنی میں سے کتنے ٹیکس کو روک لیا گیا ہے (آپ کی تنخواہ میں سے آپ کے آجر نے کتنی رقم کاٹ کر ہمیں بھیج دی ہے)
- کٹوتیاں اور ٹیکس کی جن تلافیوں کا آپ دعویٰ کر رہے ہیں۔

کٹوتیاں ایسی لاگتیں ہیں جن کا آپ ٹیکس میں کمی لانے کے لیے دعویٰ کر سکتے ہیں۔ زیادہ تر کٹوتیاں کام کے حوالے سے ہونے والے اخراجات ہوتے ہیں۔ یہ وہ رقم ہوتی ہے جو آپ نے اپنی آمدنی کے حصول کے لیے خرچ کی ہوتی ہے۔ آپ کو یہ لازمی دکھانا پڑے گا کہ:

- آپ کے اخراجات براہِ راست آپ کی آمدنی کی کمائی سے جڑے ہوئے ہیں
- نوعیت کے لیے لحاظ سے اخراجات نجی نہیں ہیں
- آپ کے پاس اپنے اخراجات کو ثابت کرنے کے لیے ثبوت موجود ہے (مثلاً رسیدیں)۔




آجر کو آپ کو انکم اسٹیٹمنٹ یا پھر ادائیگی کا خلاصہ دینا چاہیئے۔ یہ دکھائے کہ آپ نے کتنی آمدنی حاصل کی ہے اور آپ نے کتنا ٹیکس ادا کیا ہے۔

ٹیکس ریٹرن جمع کروانے میں آپ کی مدد کے لیے مزید کے لیے وزٹ کریں:

- **ato.gov.au/incomeyoumustdeclare**
- **ato.gov.au/deductions**
- **ato.gov.au/incomestatement**

## ریکارڈ رکھنا


جب آپ اپنا ٹیکس ریٹرن جمع کرواتے ہیں، تو ہم اس پر عملدرآمد کرکے یہ تخمینہ لگاتے ہیں کہ آیا آپ نے ٹیکس کی درست رقم ادا کی ہے یا نہیں۔ ہم آپ کوتشخیص کا نوٹس بھیج کر نتائج کے بارے میں آگاہی فراہم کرتے ہیں۔

اگر آپ کسی قسم کی کٹوتی کا دعویٰ کر رہے ہیں تو آپ کو ریکارڈز ،مثلاً رسیدیں اپنے پاس رکھنی چاہیئں۔ آپ کو یہ ریکارڈ اپنے ٹیکس ریٹرنز جمع کروانے کی تاریخ سےکم از کم پانچ برس کے لیے رکھنا چاہیئے۔ ہم آپ سے یہ ریکارڈ طلب کر سکتے ہیں۔

ریکارڈ رکھنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں **ato.gov.au/taxrecords**

آپ کے اخراجات اور آمدنی کو ایک ہی جگہ پر رکھنے کے لیے myDeductions ایک آسان طریقہ ہے۔ اپنے سمارٹ ڈوائس پر ATO app ڈاؤن لوڈ کریں اور myDeductions کے آئکن کا انتخاب کریں۔ جائیں **ato.gov.au/app**

myDeductions ٹول کے بارے میں مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں **ato.gov.au/myDeductionatoapp**




# اپنےٹیکس ریٹرنز کو مکمل کریں اور جمع کروائیں

### کب جمع کروانا ہے

آپ myTax کااستعمال کرتے ہوئے آن لائن، رجسٹرشدہ ٹیکس ایجنٹ کے ذریعے یا پھر ٹیکس ریٹرن کے کاغذات کو مکمل کرکے جمع کرواسکتے ہیں۔ آپ کے ٹیکس ریٹرنز میں 1 جولائی تا 30 جون تک کا آمدنی کا سال شامل ہوتا ہے۔ آپ کو **31 اکتوبر** تک ٹیکس ریٹرنز جمع کروانا یا پھر ٹیکس ایجنٹ کی خدمات حاصل کرنا لازمی ہے۔

جب آپ myTax کااستعمال کرتے ہوئے یا پھر ٹیکس ایجنٹ کی خدمات استعمال کرتے ہیں، تو ہمارے پاس آپ کی جو معلومات ہوتی ہے اس سےہم پہلے سے ٹیکس ریٹرن کو پُر کردیتے ہیں۔ مثال کے طور پر ملازمت کی آمدنی اور بینک کا سود۔ اکثر لوگوں کے لیے یہ جولائی کے آخر تک پہلے سے تیار ہوتا ہے۔ ہمارے پاس آپ کی جو معلومات موجود ہے، اگر آپ انتظار کرتے ہیں کہ ہم اس کو پُر کرلیں تو اس سے آپ کے لیے ٹیکس ریٹرن زیادہ آسان ہو جاتا ہے اور اس میں غلطی کا امکان بھی کم ہوتا ہے۔

ہمیں جیسے ہی موصول ہوگا ہم پہلے سے موجود معلومات کی مدد سے اس کو پُر کردیں گے، لہٰذا آپ تفصیلات کی جانچ کریں اور جو چیز کم ہو اس کو شامل کریں۔

اپنے ٹیکس ریٹرن کس طرح جمع کروائیں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں **ato.gov.au/lodgingtaxreturn**

### myTax کا استعمال کرتے ہوئے آن لائن جمع کروائیں

آپ myTax کا استعمال کرتے ہوئے ٹیکس ریٹرن آن لائن بھی جمع کرواسکتے ہیں۔ آن لائن جمع کروانا تیز، آسان اور محفوظ ہے۔

myTax استعمال کرنے کے لیے آپ کو سب سے پہلے myGov کا اکاؤنٹ بنانا پڑے گااور اپنے اکاؤنٹ کو ATO online services سے منسلک کرنا پڑے گا۔

myGovکے بارے میں مزید معلومات اور اس کو ATO سے منسلک کرنے کے لیے وزٹ کریں **ato.gov.au/linktomygov**

ہمارا مشورہ ہے کہ آپ ٹیکس کے وقت (1 جولائی) سے قبل اس کو منسلک کرلیں، تاکہ آپ کو تمام ابلاغ موصول ہوتے رہیں اور آپ کو ٹیکس ریٹرن جمع کروانے میں تاخیر نہ ہو۔

ایک مرتبہ جب آپ ATO online services سے سے منسلک ہوجاتے ہیں، تو آپ اپنا ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کے لیے myTax تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔

اپنے ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں **ato.gov.au/firstreturn**



### ایک رجسٹرڈ شدہ ٹیکس ایجنٹ کی خدمات استعمال کرتے ہوئے جمع کروائیں

آپ اپنے ٹیکس ریٹرن تیار کرنے اور جمع کروانے کے لیے ایک رجسٹرڈ شدہ ٹیکس ایجنٹ کی خدمات استعمال کرسکتے ہیں۔ آپ کو 31 اکتوبر سے پہلے ان سے رابطہ کرنا ہوگا۔ مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں **ato.gov.au/lodgewithanagent**

### جمع کروانے میں معاونت

ٹیکس کے وقت آپ اپنے ٹیکس کے سلسلے میں مفت مدد حاصل کرسکتے ہیں۔ ہماری Tax Help (ٹیکس ہیلپ) کی خدمت کم آمدنی والے افراد کے لیے ہے ایسے افراد جن کی سالانہ آمدنی تقریباً $60,000 یا اس سے کم ہے۔ اگر آپ کو اپنے ٹیکس ریٹرن مکمل کرنے میں مدد کی ضرورت ہوتو، ہمارے تربیت یافتہ رضاکار آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔ رضاکار myTax استعمال کرتے ہوئے مفت اورصیغہ راز میں رکھتے ہوئے لوگوں کو آن لائن ٹیکس ریٹرن مکمل کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

Tax Help تمام دارالخلافہ شہروں میں موجود ہے اور آسٹریلیا میں کئی مقامات پر ہر سال جولائی تا اکتوبر تک ہوتی ہے۔ Tax Help کےبارے میں مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں **ato.gov.au/taxhelp**

# اپنی معلومات کی حفاظت کریں

TFN

اپنی ذاتی معلومات کی حفاظت کرنا بہت ضروری ہے۔

آپ کا TFN آپ کے ساتھ تاحیات رہے گا، لہٰذا اس کو محفوظ رکھیں۔ آپ کا TFN وہی رہتا ہے، چاہے آپ اپنا نام اور پتہ تبدیل کرلیں، ملازمت تبدیل کرلیں، ایک سے دوسری ریاست میں نقل مکانی کرلیں یا پھر ملک سے باہر چلے جائیں۔

کسی کو بھی اپنا TFN استعمال مت کرنے دیں، حتیٰ کہ دوستوں یا رشتہ داروں کو بھی نہیں۔ کسی دوسرے کو اس کے استعمال کی اجازت دینا، کسی کو دینا یا فروخت کرنا جرم ہے۔

صرف ان کو اپنا TFN دیں:

- ہمیں جب ہم آپ کے ٹیکس ریکارڈ کے بارے میں بات چیت کر رہے ہوں
- کام شروع کرنے کے بعد اپنے آجر کو،لیکن ملازمت کی درخواست کے وقت مت فراہم کریں
- اپنے بینک یا پھر دیگر مالیاتی اداروں کو
- Services Australia
- اپنے رجسٹرڈ شدہ ٹیکس ایجنٹ
- اپنے سپر اینوئیشن (سپر) فنڈ
- آپ کے اعلیٰ تعلیم فراہم کنندہ یا یونیورسٹی کو طالبِ علم کے قرضے تک رسائی حاصل کرنے کے لیے مثلاً Higher Education Loan (HELP) Program۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کا TFN گم ہو گیا ہے، چوری ہوگیا ہے یا کھو گیا ہے، تو فوری طور پر ہمیں مطلع کریں۔ مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں **ato.gov.au/FindmyTFN**

شناخت کے جرائم کو روکنے کے لیے، اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ آپ ذاتی شناخت کی تفصیلات کو محفوظ رکھیں۔ اگر لوگوں کی ذاتی شناخت کے حوالے سے معلومات کو استعمال کرتے ہوئے کسی جرم کا ارتکاب کیا جائے تو ایسے جرم کو شناخت کا جرم کہا جاتاہے۔ یاد رکھیں:

- کسی کو بھی اپنے myGov یا دیگر آن لائن پاسورڈ مت دیں ، حتیٰ کہ اپنے ٹیکس ایجنٹ کو بھی نہیں (اگر آپ استعمال کرتے ہوں تو)
- ای میلز میں TFN، پاسورڈ یا دیگر حساس نوعیت کی معلومات شامل مت کریں۔

اسکیم کرنے والی ای میل، فیکس، ایس ایم ایس یا فون کالز آپ کو بہت قائل کرنے والی محسوس ہوں گی ہوشیار رہیں اور اگر آپ کو پوری طرح علم نہ ہو کہ کس کی جانب سے رابطہ کیا جارہا ہے تو ہم سے رابطہ کریں پر وزٹ کریں **ato.gov.au/phoneus** یا وزٹ کریں **ato.gov.au/scams**

اپنی ذاتی تفصیلات کو کس طرح محفوظ رکھنا ہے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں:

- اپنی معلومات کو تحفظ فراہم کرتے ہوئے۔ **ato.gov.au/identitycrime**
- ٹیکس اسکیم - **ato.gov.au/scams**
- شناخت کا جرم - **ato.gov.au/identitytheft**
- **scamwatch.gov.au**

**ato.gov.au**

NAT 71986URD-06.2021 DE-32692